ملتان، ڈیرہ اسماعیل خان، خان پور اَتے کراچی توں ہکے ویلھے شائع تھیون آلا پہلا سرائیکی اخبار

APNS MEMBER | آڈٹ بیورو آف سرکولیشن توں باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

E-Mail: dailyjhoke@gmail.com

فون ہیڈ آفس 061 4511568

فون خانپور 068 5571622

ڈینھ وار جھوک ملتان

DAILY JHOKE SARAIKI

چیف ایڈیٹر: ظہور دھریجہ

ایڈیٹر: مسیح اللہ جام پوری

مینجنگ ایڈیٹر ایاز محمود دھریجہ

رجسٹرڈ نمبر ہیڈ آفس M-142

ہیڈ آفس قلعہ کہنہ قاسم باغ روڈ بیرون دولت گیٹ ملتان


# بیرون ملک مقیم پاکستانیاں دی سہولتاں وِچ اضافہ کیتے وفاقی محتسب دا کردار




تحریر چوہدری عمران محمود


بیرون ملک مقیم پاکستانی وطن عزیز کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کے ارسال کردہ اربوں ڈالر پاکستان کے معاشی استحکام میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں، چنانچہ ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر جلد از جلد حل کرنے کے لئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں "کمشنر شکایات برائے اوورسیز پاکستانیز" کا الگ سے ایک دفتر قائم کیا گیا ہے اور وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نہ صرف خود اس کی نگرانی کرتے ہیں بلکہ گزشتہ دو برسوں کے دوران اوورسیز پاکستانیوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لئے انہوں نے کئی نئے اقدامات اٹھائے اور نئی پالیسیاں ترتیب دیں جس کے نتیجے میں گزشتہ دو برسوں کے دوران اوورسیز پاکستانیوں اور وفاقی محتسب میں فاصلہ کم ہوا اور بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنے مسائل کے حل کے لئے وفاقی محتسب سے مسلسل رجوع کر رہے ہیں۔ رواں سال میں جنوری سے اب تک 621 اوورسیز پاکستانیوں کے پاسپورٹ کے مسائل حل کرائے گئے۔ بیرونی ممالک میں مقیم 7 1 1 سے زائد پاکستانیوں کے POC,NICOP اور شناختی کارڈز کے سلسلے میں نادرا کو احکامات جاری کر کے ان پر عملدرآمد کرایا گیا۔ لیبیا اور دیگر ممالک میں قید پاکستانیوں کو اپنے سفارتخانوں کے ذریعے رہائی دلوائی گئی۔ بیرونی ممالک سے پاکستان آنے والے پاکستانیوں کا ائرپورٹس پر گمشدہ سامان برآمد کرا کے انہیں واپس دلایا گیا نیز ائر لائنز کی طرف سے مسافروں کو فلائٹ منسوخ ہونے یا اس کے اوقات تبدیل ہونے کی اطلاع نہ دینے کے باعث ٹکٹ کی رقوم واپس کرائی گئیں۔ اسی طرح وفاقی محکموں اور اداروں کے خلاف اوورسیز پاکستانیوں کی دیگر کئی شکایات کا ازالہ کیا گیا۔

حال ہی میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے تمام پاکستانی ایمبیسیز کو ہدایات کی ہے کہ وفاقی حکومت کے اداروں کے خلاف اوورسیز پاکستانیوں کی جن شکایات کو ایک ماہ سے اوپر کا عرصہ ہو گیا ہے اور وہ بوجوہ حل نہیں ہو سکیں وہ تمام شکایات وفاقی محتسب آفس بھجوا دی جائیں تاکہ ہمارے انوسٹی گیشن آفیسر انہیں جلد از جلد حل کرنے کی راہ نکالیں۔ پروٹیکٹر اسٹیمپ، مڈل ایسٹ اور دیگر ممالک میں روزگار کے سلسلے میں جانے والے پاکستانیوں کا ایک اہم مسئلہ تھا اور پاسپورٹ پر پروٹیکٹر اسٹیمپ چسپاں نہ ہونے کی صورت میں کئی افراد کو ائرپورٹس سے واپس جانا پڑتا تھا اور ان کی ٹکٹ کے پیسے بھی ضائع ہو جاتے تھے۔ اس سلسلے میں وفاقی محتسب آفس کی انسپکشن ٹیموں کی رپورٹوں اور وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مسلسل کاوشوں سے اب بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے یکم جنوری 2024ء سے اس مسئلے کو ای پروٹیکٹر کے ذریعے حل کر دیا ہے اور ورک ویزا پر باہر جانے والے افراد گھر بیٹھے ہی کسی بھی وقت بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ سے دو گھنٹے میں آن لائن پروٹیکٹر اسٹیمپ لگوا سکتے ہیں نیز ائرپورٹس پر بھی یہ سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ جنوری 2024ء سے اب تک 14,339 افراد اس سہولت سے مستفید ہو چکے ہیں۔ اسی طرح "ہیگ کنونشن 1961ء" میں پاکستان کی شمولیت اور دستاویزات کی اپاسٹائل تصدیق (Apostile Attestation of documents) بھی بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا دیرینہ مطالبہ تھا اور وفاقی محتسب کا "دفتر سہولیاتی کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز" اس سلسلے میں وزارت خارجہ سے مسلسل رابطے میں تھا۔ اب 17 مئی 2024ء سے ہیگ کنونشن 1961ء کے 112 ممبر ممالک میں پاکستان بھی شامل ہو گیا ہے اور دستاویزات کی اپاسٹائل تصدیق کا سلسلہ وزارت خارجہ کے دفتر اسلام آباد کے علاوہ فی الحال اس کے لاہور اور کراچی کے رابطہ دفاتر میں بھی شروع کر دیا گیا ہے جس سے بیرونی ممالک میں مقیم اور بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کو خاصی سہولتیں میسر آ گئی ہیں۔ وزارت خارجہ کی طرف سے فراہم کردہ رپورٹ کے مطابق اب تک 30 ہزار پاکستانی اس سہولت سے فائدہ اٹھا چکے ہیں اور ایک لاکھ کے قریب دستاویزات کی اپاسٹائل (Apostile) کے ذریعے تصدیق ہو چکی ہے۔

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات کی روشنی میں گزشتہ دو برسوں کے دوران وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں قائم "دفتر کمشنر شکایات برائے اوورسیز پاکستانیز" کو مزید مستحکم کیا گیا تاکہ وفاقی وزارتوں اور وفاقی حکومت کے محکموں کے ماتحت اداروں سے متعلق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے انفرادی اور اجتماعی مسائل جلد از جلد حل کئے جا سکیں۔ اس سلسلے میں ایک اہم قدم یہ بھی اٹھایا گیا کہ جنوری 2024 سے "شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز" کے دفتر میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے براہ راست موصول ہونے والی شکایات کو Complaint Management Information System(CMIS) پر منتقل کیا گیا جس کے نتیجے میں نظام کار میں مزید شفافیت آئی اور پچھلے سال کے مقابلے میں اس سال موصول ہونے والی

(2) شکایات میں 155 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا جو میرٹ اور قانون کے مطابق مفت اور جلد انصاف فراہم کرنے کے سلسلے میں وفاقی محتسب کی مثبت کارکردگی پر عوامی اعتماد کا مظہر ہے۔ اسی طرح وفاقی محتسب کی طرف سے پاکستان کے آٹھ بین الاقوامی ہوائی اڈوں کے ڈیپارچر لاؤنجز میں قائم کئے گئے "یکجا سہولیاتی مراکز" (One Window Facilitation Desks) کی کارکردگی میں بھی خاصی بہتری لائی گئی ہے جہاں بیرونی ممالک میں جانے والے اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل موقع پر ہی حل کرنے کے لئے متعلقہ 12 اداروں کے نمائندے ہفتے کے ساتوں دن چوبیس گھنٹے موجود ہوتے ہیں۔

سینئر ایڈوائزروں پر مشتمل معائنہ ٹیمیں سال میں دو مرتبہ ہر ائرپورٹ اور "یکجا سہولیاتی مراکز" کا دورہ کر کے ان کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ انہیں مزید فعال اور کارآمد بنانے کے لئے اپنی رپورٹیں وفاقی محتسب کو پیش کرتی ہیں جن کی روشنی میں وفاقی محتسب کی طرف سے متعلقہ اداروں کو احکامات جاری کئے جاتے ہیں تاکہ اوورسیز پاکستانیوں کو بیرون ملک جاتے وقت زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ حال ہی میں بین الاقوامی آمد کے لاؤنجز (International Arrival Lounges) میں بھی نادرا اور OPF کے کاؤنٹر بن گئے ہیں تاکہ باہر سے آنے والے پاکستانی ان سے موقع پر ہی استفادہ کر سکیں۔ اس کے علاوہ متعلقہ ایجنسیوں کے ذمہ دار افسران سے میٹنگز بھی کی جاتی ہیں اور وفاقی محتسب کے شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز کے دفتر کی طرف سے ائرپورٹس پر قائم "یکجا سہولیاتی مراکز" سے ہر ماہ مفصل رپورٹیں بھی حاصل کی جاتی ہیں جن کے مطابق اس سال اب تک 65 ہزار کے قریب اوورسیز پاکستانی ان مراکز سے استفادہ کر چکے ہیں۔

وفاقی محتسب کے احکامات کی روشنی میں تمام پاکستانی سفارتخانوں نے اپنے دفتر میں ایک سینئر افسر کو فوکل پرسن مقرر کرنے کے علاوہ ہفتے میں ایک دن اور وقت طے کر رکھا ہے تاکہ دیار غیر میں مقیم پاکستانی، سفیر محترم یا فوکل پرسن سے براہ راست ملاقات کر کے اپنی شکایات پیش کر سکیں۔ علاوہ ازیں مشنز کو کہا گیا ہے کہ وہ مہینے میں کم از کم ایک مرتبہ کھلی کچہری بھی لگائیں۔ اس سلسلے میں تمام پاکستانی سفارتخانے، وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کو ہر ماہ مفصل رپورٹ بھی ارسال کرتے ہیں جس کے مطابق اب تک بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی 16 ہزار سے زائد شکایات کا ازالہ کیا جا چکا ہے۔

یہاں شکایت درج کرانے کا طریقہ انتہائی سادہ اور آسان ہے۔ کوئی بھی اوورسیز پاکستانی، وفاقی وزارتوں، وفاقی حکومت کے محکموں اور ان کے ماتحت اداروں کی بدانتظامی، عدم توجہی، یا امتیازی سلوک کے باعث اپنے ساتھ ہونے والی کسی بھی زیادتی یا ناانصافی یا مسئلے کے حل میں تاخیری حربوں کے استعمال کے خلاف آن لائن یا ای میل (mohtasiboverseasgcommi) یا واٹس ایپ نمبر: 0303-5095361 یا ڈاک کے ذریعے اردو یا انگریزی میں اپنی شکایت سادہ کاغذ پر لکھ کر بھجوا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں وفاقی محتسب کی ویب سائٹ (www.mohtasib.gov.pk) سے بھی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں نیز ہیلپ لائنز 0092-51-9213886/87 سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔ شکایت کے ہمراہ متعلقہ کاغذات، دستاویزات، شناختی کارڈ، پاسپورٹ کی نقل، ملک کا نام، پتہ اور موبائل نمبر ضرور موجود ہونا چاہئے۔ شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز کے دفتر میں موصول ہونے والی ہر شکایت پر روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کی جاتی ہے اور فوری طور پر متعلقہ ایجنسی کو محکمانہ قواعد وضوابط کی روشنی میں تفصیلی رپورٹ فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے جاتے ہیں نیز شکایت کنندہ کو ہر مرحلے پر اس کی شکایت پر ہونے والی کارروائی کے بارے میں ای میل یا واٹس ایپ کے ذریعے باخبر رکھا جاتا ہے۔

وفاقی محتسب کا بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے پیغام ہے کہ اگر آپ کو پاکستانی سفارتخانوں، پاکستانی ائرپورٹس یا وفاقی حکومت کے کسی بھی ادارے کی بدانتظامی یا بے توجہی کے باعث ناانصافی کا سامنا ہے تو وفاقی محتسب کے "کمشنر شکایات برائے اوورسیز پاکستانیز" کے دفتر سے رابطہ کریں جو اپنے قیام سے لے کر اب تک پوری تندہی کے ساتھ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی خدمت میں مصروف ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ اس کے دائرکار میں وسعت لائی جا رہی ہے۔